04-10-2024 FRIDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆سپریم کورٹ نے ترملاتروپتی مندر کے پرسادم لڈو کی تیاری میں ملاوٹی گھی کے الزامات کی جانچ کے لئے آزادانہ خصوصی جانچ ٹیم،ایس آئی ٹی تشکیل دینے کے احکامات جاری کئے ہیں۔

☆مرکزی وزیرخزانہ نرملا سیتارامن نے کہا کہ حکومت مالیاتی خسارہ کو کم کرنے کے عہد کی پابند ہے۔

☆بی آرایس کے کارگذارصدر کے ٹی راماراوٗ نے کہا کہ کسانوں کے قرض معافی اسکیم پر وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کو تنقید کا نشانہ بنایا۔

☆مرکزی حکومت کے مطابق قابل تجدید توانائی کے شعبہ میں ملک میں ملازمتیں دس لاکھ سے تجاوز کرگئی ہے۔

☆☆☆☆☆

سپریم کورٹ نے ترملاتروپتی مندر کے پرسادم لڈو کی تیاری میں ملاوٹی گھی کے الزامات کی جانچ کے لئے آزادانہ خصوصی جانچ ٹیم،ایس آئی ٹی تشکیل دینے کے احکامات جاری کئے ہیں۔اس جانچ ٹیم میں سی بی آئی کے دوافسر اور آندھراپردیش پولیس کے دوافسر اور فوڈ سیفٹی اینڈ اسٹارنڈ اتھارٹی آف انڈیا کا ایک افسر شامل رہے گا۔سی بی آئی ڈائرکٹر اس جانچ کی نگرانی کریں گے۔اس کیس میں مختلف عرضیوں پر سماعت کرتے ہوئے عدالت عظمیٰ نے کہا کہ عدالت کے فیصلہ پر سیاست نہیں ہونی چاہئے۔عدالت نے واضح کیا کہ کروڑوں عقیدت مندوں کے جذبات کا خیال رکھتے ہوئے یہ احکام دیا جارہا ہے۔عدالت نے مختلف عرضی گذاروں، بی جے پی کے سینئر لیڈر سبرامنیم سوامی، راجیہ سبھا کے رکن و ٹی ٹی ڈی کے سابق چیئرمین وائی وی سبا ریڈی اور مورخ وکرم سمپت کے علاوہ مذہبی رہنما دشینت سریدھر کی عرضیوں پر سماعت کی۔

☆☆☆☆☆

بی آرایس کے کارگذارصدر کے ٹی راماراوٗ نے کہا کہ کسانوں کے قرض معافی پر وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کے جھوٹ کا پھر ایک مرتبہ پردہ فاش ہوگیا ہے۔انہوں نے کہا کہ ریاستی وزیرزراعت تو ملاناگیشور راوٗ کے کسانوں کے قرض معافی پر دیئے گئے بیان سے وزیراعلیٰ کے جھوٹے دعوؤں کو تقویت ملتی ہے۔کے ٹی راماراوٗ نے اپنے بیان میں کہا کہ وزیرزراعت کا یہ بیان کہ ابھی بھی بیس لاکھ کسانوں کے قرض معاف کئے جانے باقی ہے سے وزیراعلیٰ کا جھوٹ منظرعام پر آگیا ہے۔بی آرایس لیڈر نے الزام لگایا کہ کانگریس حکومت نے قرض معافی اسکیم پر مکمل طور پر عمل نہ کرتے ہوئے کسانوں کو دھوکہ دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت نے رعیتو بندھو اسکیم کے تحت بھی کسانوں کو مالی مدد نہیں دی ہے۔ریاستی وزیرزراعت نے کل کہا تھا کہ 65.56 لاکھ کسانوں میں سے 22 لاکھ کسانوں نے قرض معافی اسکیم سے استفادہ کیا ہے اور ماباقی کسانوں کے قرض بہت جلد معاف کئے جائیں گے۔

☆☆☆☆☆

کانگریس کے سینئر لیڈر و سابق راجیہ سبھا رکن کے وی پی رامچندر راوٗ نے وزیراعلیٰ سے کہا کہ اگر ان کا عزیز نگر میں واقع فارم ہاؤز بفرزون یا ایف ٹی ایل حدود کے تحت آتا ہے تو اسے ضرور منہدم کیا جانا چاہئے۔وزیراعلیٰ کو ایک کھلا مکتوب روانہ کرتے ہوئے رامچندر راوٗ نے کہا کہ ان کا خاندان قانون کی پاسداری کرے گا اگر کوئی غیرمجاز قبضہ ہو تو اسے اپنے خرچ پر ہٹائے گا۔کانگریس کے سینئر لیڈر نے وزیراعلیٰ سے گذارش کی کہ ان کے فارم ہاؤز کا معائنہ کرنے کیلئے متعلقہ عہدیداروں کو روانہ کیا جائے۔

☆☆☆☆☆

گروپ ون سرویس کے چندامیدواروں نے آج تلنگانہ پبلک سرویس کمیشن کے دفتر واقع نامپلی اور تلگو اکیڈیمی کے دفتر واقع حیدرگوڑہ میں بعض پوسٹرس لگاتے ہوئے اپنا احتجاج درج کرایا۔ان امیدواروں نے کمیشن پر الزام لگایا کہ گروپ ون پریلمنری ٹسٹ کے سوال وجواب کی تیاری میں کمیشن نااہل ہے۔کمیشن کے دفتر کی گیٹ پر لگائے گئے پوسٹر کے ذریعہ یہ کہا گیا کہ گروپ ون امتحانات میں معیاری سوالات تیار کرنے میں کمیشن ناکام رہا ہے۔

مرکزی وزارت نئی وقابل تجدید توانائی نے بتایا کہ گزشتہ سال قابل تجدید توانائی کے شعبہ میں ہندوستان میں دس لاکھ سے زیادہ ملازمتیں دی گئی ہیں۔انٹرنیشنل رینیوبل انرجی ایجنسی کی جانب سے اس کے سالانہ رپورٹ میں شائع کردہ ڈاٹا کا حوالہ دیتے ہوئے وزارت نے کہا کہ عالمی سطح پر اس شعبہ سے جڑے افراد کی تعداد تقریباً ایک کروڑ باسٹھ لاکھ ہوگئی ہے جس میں ہندوستان کا بھی نمایاں رول ہے۔وزارت کے مطابق ہائیڈرو پاور نے اس شعبہ میں سب سے زیادہ رول ادا کیا ہے اور ہائیڈرو پاور نے تقریباً چار لاکھ 53 ہزار ملازمتیں فراہم کی ہیں۔وزارت نے مزید کہا کہ قابل تجدید توانائی کے شعبہ کی جانب سے روزگار کے مزید مواقع پیدا کئے جائیں گے۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ ہائی کورٹ نے دسہرہ تہوار کے موقع پر حیڈرا کی جانب سے انہدامی کارروائی پر روک لگانے سے انکار کردیا ہے۔ہائی کورٹ نے تلنگانہ حکومت کو نوٹس جاری کرتے ہوئے چار ہفتوں کے اندر جواب داخل کرنے کو کہا کہ حکومت رہائشی جائیدادوں کے مالکین کو نوٹسیں جاری کرے بغیر اور قانون کی پاسداری کرے بغیر حیدرآباد میں انہدامی کارروائیوں کی وجوہات بتائے۔چیف جسٹس الوک ارادھے اور جسٹس جے سرینواس راؤ پر مشتمل ڈیویژن بنچ نے عرضی گذار ڈاکٹر کے اے پال کی جانب سے مفاد عامہ کے تحت داخل کردہ عرضی پر سماعت سے انکار کردیا۔عرضی گذار نے حیدرآباد میں حیڈرا کی جانب سے انہدامی کارروائی کو روکنے کی عدالت سے گذارش کی تھی۔ ہائی کورٹ نے حکومت کے پرنسپل سکریٹری، محکمہ بلدی نظم و نسق اور حیڈرا کے کمشنر رنگاناتھ کو بھی نوٹس جاری کی ہے۔

☆☆☆☆☆

وشوا ہندو پریشد نے تروپتی لڈو کیس میں پانچ رکنی آزادانہ جانچ کمیٹی کی تشکیل کے حکم پر سپریم کورٹ کی ہدایت کا خیر مقدم کیا ہے۔وی ایچ پی کے قومی ترجمان ڈاکٹر آر ششی دھر نے کہا کہ وی ایچ پی شروع سے ہی اس تنازعہ پر آزادانہ جانچ کی مانگ کر رہی تھی۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس اور اسٹیٹ لیگل سرویس اتھارٹی کے سرپرست جسٹس الوک ارادھے نے ہائی کورٹ کے احاطہ میں ملٹی اسپشیالٹی ہیلت کیمپ و خون عطیہ کیمپ منعقد کیا گیا۔وکلاء، عملہ کے ارکان اور ہائی کورٹ سے دیگر افراد کیلئے یہ کیمپ منعقد کیا گیا تھا۔خون کے عطیہ کیمپ کا مقصد عثمانیہ دواخانہ میں زیر علاج مریضوں کو ضرورت کے مطابق خون فراہم کرنا ہے۔نیشنل لیگل سرویس اتھارٹی اور تلنگانہ اسٹیٹ لیگل سرویس اتھارٹی نے عثمانیہ جنرل ہاسپٹل اور نرمان آرگنائزیشن کے نام سے یہ کیمپ منعقد کیا۔

☆☆☆☆☆

پسماندہ طبقات ایس سی وایس ٹی کمیشن کے چیئرمین بی وینکٹیا نظام آباد ضلع کلکٹر اور ایس پی کو ہدایت دی کہ وہ درجہ فہرست اقوام وقبائیل کے خلاف زیر التوا مقدمات کو جلد نمٹائے۔وینکٹیا نے اس ضمن میں آج ایک جائزہ اجلاس منعقد کیا۔انہوں نے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ زیر التوا کیس کو تیزی کے ساتھ ایک مہینہ کے اند رنمٹایا جائے۔

☆☆☆☆☆

مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتارامن نے کہا کہ حکومت مالیاتی خسارہ کو کم کرنے کے عہد کی پابند ہے۔نئی دہلی میں کوشیلیا اکنامک کانکلیو 2024 سے خطاب کرتے ہوئے وزیر خزانہ نے کہا کہ جاریہ مالیاتی سال میں مالیاتی خسارہ 5.6 فیصد تک گھٹ سکتا ہے جبکہ سال 2025 میں 4.9 فیصد تک کم ہونے کی امید ہے۔مرکزی وزیر خزانہ نے کہا کہ وکست بھارت کے تحت کئے جارہے اقدامات کے بیشتر استفادہ کنندگان میں غریب لوگ، خواتین، نوجوان اور کسان شامل ہیں۔نرملا سیتارامن نے کہا کہ سال 2047 وکست بھارت میں نہ صرف ہندوستانی خوشحال ہوں گے بلکہ دنیا کے دیگر خطوں میں بھی اس کے اثرات دیکھنے کو ملیں گے۔

☆☆☆☆☆